**Pakistan Tehreek-e-Insaf**

**Central Media Department**


# فلسطین اور اسرائیل کے مابین مسلّح جھڑپوں اور تیزی سے کشیدہ ہوتی صورتحال کا معاملہ

17 اکتوبر 2023

- پاکستان تحریک انصاف کا اقوامِ عالم سے اہلِ فلسطین کے بنیادی حقوق کے تحفظ اور جارحیّت پر کاربند ناجائز ریاست اسرائیل کو عالمی قانون و اخلاق کا پابند بنانے کا مطالبہ
- او آئی سی سمیت مسلم اُمّہ کے کلیدی ممالک پر مسئلہ فلسطین کے مستقل اور دیرپا حل کیلئے خصوصی اقدامات اٹھانے کے حوالے سے زور
- اہلِ فلسطین اپنی زمین اور آزاد مملکت کے حصول کا پورا حق رکھتے ہیں۔
- بطورِ دارالحکومت القدس الشریف پر مشتمل آزاد فلسطینی ریاست کا قیام خطے کی سلامتی و استحکام کیلئے ناگزیر ہے۔
- مسئلہ فلسطین پر چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کا اصول پر مبنی مؤقف تنازعے کے مؤثر حل اور خطے میں پائیدار امن کے قیام کا کلیہ ہے۔
- طاقت، غیر انسانی جبر اور وحشت کے ذریعے فلسطینی علاقوں پر اسرائیل کا قبضہ و توسیع تنازعے کی بنیاد ہے۔
- اسرائیل عالمی معاہدات کی پاسداری اور انسانی حقوق کے حوالے سے بدترین ریکارڈ رکھتا ہے۔


Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan

Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- اقوامِ متحدہ اور او آئی سی صورتحال کی سنگینی کا احساس کریں اور مسئلہ فلسطین کے حل کیلئے نتیجہ خیز حکمت عملی اپنائیں۔
- پاکستان تحریک انصاف اہلِ فلسطین کی بھرپور سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت کرتی ہے اور مسئلے کے دو ریاستی حل تک یہ حمایت جاری رکھے گی۔

---ترجمان پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ